بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کے معاہدے کے نفاذ پرعوامی مشاورت
****

دا کانسٹیٹیوشنل اینڈ مین لینڈ افیئرز بیورو (CMAB) آج (23 فروری) سے شروع کرکے ہانگ کانگ کے خصوصی انتظامی خطہ (HKSAR) میں بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کے معاہدے (معاہدے) کے نفاذ پر عوامی خیالات کو مدعو کرتی ہے.

مرکزی عوامی حکومت (سینٹرل پیپلز گورنمنٹ) (CPG) معاہدے کے تحت چین کی مشترکہ پانچویں اور چھٹی رپورٹ جمع کرائے گی - عوامی جمہوریہ چین کی رپورٹ کے حصے کے طور پر HKSAR حکومت HKSAR میں معاہدے کے نفاذ سے متعلق اپنی رپورٹ CPG کو پیش کرے گی -

قائم شدہ ضابطہ عمل کے مطابق ،حکومت نے متعلقہ معاملات پر عوام کی رائے کوآسان بنانے کے لیے اور رپورٹ میں شامل کرنے کے لیے موضوعات کا ایک خاکہ تیار کیا ہے. رپورٹ کے خاکہ کی نقول ضلعی دفاتر (ڈسٹرکٹ آفس) کے ہوم افیئرز انکوائری سینٹرز سے حاصل کی جاسکتی ہیں- یہ CMAB کی ویب سائٹ www.cmab.gov.hk پر بھی دستیاب ہیں.

”عوام معاہدے کے نفاذ کے سلسلے میں خاکہ میں موجود موضوعات پر ہمیں اپنی آراء اس سال 9 اپریل تک ، جمع کرواسکتے ہیں، یا کوئی بھی اضافی موضوع جو وہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں HKSAR رپورٹ میں شامل کرنا چاہیے کے بارے میں مشورہ دے سکتے ہیں - ہم رپورٹ کا خاکہ بناتے ہوئے موصول شدہ تمام آراء اور تجاویز کو مدنظر رکھیں گے، “ CMAB کے ایک نمائندے نے کہا ہے

عوام جو اپنی آراء کا اظہار کرنا چاہتے ہیں وہ دا کانسٹیٹیوشنل اینڈ مین لینڈ آفیئر بیورو(ٹیم5) کو لکھ سکتے ہیں

The Constitutional and Mainland Affairs Bureau (Team 5),

12/F, East Wing, Central Government Offices, 2 Tim Mei Avenue, Tamar

یا بذریعہ فیکس 2840 0657 یا ایمیل crc_consultation@cmab.gov.hk کے ذریعے جمع کروا سکتے ہیں -

NNNN

[اس دستاویز کا چائینیز / انگریزی سے ترجمہ کیا گیا ہے - اگر چائنیز/ انگریزی ورژن اور ترجمہ شدہ ورژن میں کوئی فرق پایا جاتا ہے، تو چائینیز / انگریزی ورژن تسلیم کیا جائے گا -]